PUNJAB
Education Foundation

حوالہ نمبر: PEF/PSRP/CIR/2025/413

تاریخ: 17 ستمبر 2025

عنوان: PSRP سکولوں میں مرمت وبحالی کا کام اور بنیادی سہولیات کی فراہمی

محترم پی ایس آر پی لائسینسیز السلام علیکم!

سابقہ تمام مراسلہ جات کے تسلسل میں لائسینسیز کو ایک بار پھر یاد دہانی کرائی جاتی ہے کہ گرمیوں کی چھٹیوں کے بعد سکول کھل چکے ہیں۔اس سلسلے میں یہ ہدایت دی جاتی ہے کہ

- حالیہ بارشوں اور سیلابی صورتحال کی وجہ سے سکول کو نقصان پہنچنے کی صورت میں فوری طور پر مرمت کی جائے۔اور خطرناک حد تک خراب ہونے والی بلڈنگ کو باقاعدہ سیل کر دیا جائے اور بچوں اور اساتذہ کی حفاظت کو یقینی بناتے ہوئے اس سے دور رکھا جائے۔
- سکول کے باہر اور مین گیٹ پر سکول کے باقاعدہ سائن بورڈ اور پیف بورڈ کی تنصیب۔
- سکول میں مرمت وبحالی اور رنگ وروغن کا کام اور سکول کے احاطہ، اطراف، کمروں اور واش رومز کی صفائی۔
- کلاس رومز کی چھتیں، دیواریں، فرش، کھڑکیاں اور ان کے شیشے اور بجلی کی محفوظ وائیرنگ کا کام۔
- سکول میں تمام بچوں کے لئے فرنیچر کی فراہمی نیز اساتذہ اور وزیٹرز کے لئے مناسب فرنیچر کا انتظام۔
- سکول میں پانی کی سہولت نلکے یا واٹر پمپ وغیرہ کا انتظام۔
- تمام ٹوائیلٹس کو باقاعدہ فنکشنل بنانا اور پانی کی فراہمی (70 بچوں کے لئے ایک ٹوائیلٹ)۔
- پینے کے لیے صاف پانی کا انتظام (70 بچوں کے لئے ایک واٹر پوائنٹ)۔
- سکول میں کم از کم 2 اساتذہ کی تعیناتی اور طلباء واساتذہ کے تناسب (30 بچوں کے لئے ایک استاد) کی پابندی۔
- اساتذہ کی کم از کم تعلیم Bachelor ہونا لازمی ہے۔مزید اساتذہ کی تنخواہ پندرہ ہزار سے کم نہ ہو اور تنخواہ بذریعہ ڈیجیٹل بنک اکاونٹ دی جائے۔
- تمام کلاس رومز میں رائٹنگ بورڈز، ضرورت کے مطابق مناسب روشنی/بلب اور پنکھوں کی فراہمی۔
- سکول کے گراؤنڈ/کھیل کے میدان کی باقاعدہ صفائی اور تیاری اور اور کھیلوں کے لئے تمام ضروری سامان کی فراہمی۔
- سکول میں موجود درختوں کی ضروری کانٹ چھانٹ خودرو گھاس اور جھاڑیوں کی باقاعدہ تلفی۔
- سکول میں موجود درختوں کو کاٹنے سے اجتناب کریں اور اگر کوئی درخت قدرتی آفات کی وجہ سے گر جائے تو لائسینسی اس کو محفوظ مقام پر رکھے اور PSRP ڈائریکٹوریٹ اور متعلقہ CEO-DEA کو تحریری طور پر اطلاع کرے۔مزید سکول لائسینسی اس بارے میں ضلعی دفتر محکمہ جنگلات کو بھی پالیسی کے مطابق کاروائی کرنے کی درخواست جمع کرائے۔اور ان کی ہدایات کے مطابق عمل درآمد کرے۔

نوٹ: سکولوں کی مانیٹرنگ شروع ہونے والی ہے اور اس مانیٹرنگ کے دوران رپورٹ ہونے والی خامی یا سہولیات کی عدم فراہمی کی صورت میں پیف اور پی ایس آر پی قوانین کے مطابق سخت تادیبی کاروائی کی جائے گی۔جو کہ جرمانہ یا لائسنس ایگریمنٹ کی منسوخی بھی ہو سکتی ہے۔

خیر اندیش

ڈپٹی مینیجنگ ڈائریکٹر (پی ایس آر پی)

کاپی برائے اطلاع:

1. Director PSRP-I
2. Director PSRP-II
3. PS to MD-PEF